بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

# وفاق المدارس الشیعہ پاکستان

## امتحان سالانہ سال 2018ء الشهادة العالية فی العلوم العربیة والاسلامیة

(وقت: تین گھنٹے)　　　　(بی اے۔عربی اسلامیات)

**(پرچہ تفسیر برائے طلباء وطالبات)**

نوٹ۔ کوئی سے پانچ سوال حل کیجئے۔

س:۱ درج ذیل الفاظ کے معنی تحریر کریں۔

مجرِها۔ مُرسٰها ۔ قلب۔ صدر۔ الهمها۔ صبغه۔ ملكوت۔ فُئواد۔ زيغ۔

س:۲ قرآن مجید میں وحی کی کتنی اقسام بیان ہوئی ہیں۔؟

س:۳ معرفت کے منابع میں سے ایک منبع عقل وخرد ہے۔آیات کی روشنی میں اس کی وضاحت کریں۔

س:۴ سب سے پہلا معلم خداوند عالم ہے۔آیات کی روشنی میں وضاحت کیجئے۔

س:۵ بسم اللہ۔۔۔کی اہمیت احادیث کی روشنی میں تحریر کریں۔

س:۶ حصول علم کے ضروری ہونے کے بارے کیاارشاد فرمایا گیا ہے۔؟۔آیات کی روشنی میں وضاحت کریں۔

س:۷ معرفت کی راہ میں حائل ہونے والی رکاوٹوں میں سے دس کے نام لکھیں۔؟ دوآیات کی روشنی میں وضاحت کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

# وفاق المدارس الشیعہ پاکستان

## امتحان سالانہ سال 2018ء الشهادة العالية فى العلوم العربية والاسلامية

(وقت: تین گھنٹے) (بی اے۔عربی اسلامیات)

**(پرچہ منطق/ فلسفہ برائے طلباء کرام)**

نوٹ۔ حصہ اول میں سے تین سوال اور حصہ دوم میں سے دو سوال حل کیجئے۔

(حصہ اول۔منطق)

س:۱ مُعَرِّف اور حجت کی تعریف کریں۔

س:۲ کلیات خمسہ کونسی ہیں۔؟ سب کے نام لکھیں۔نیز ان میں سے کونسی کلی ذاتی ہیں اور کونسی عرضی ہیں۔؟

س:۳ نوع حقیقی اور نوع اضافی کی تعریف کریں۔

س:۴ علماءِ منطق کے نزدیک دلالت کی اقسام میں سے کونسی دلالت معتبر ہے۔ اور کیوں؟ نیز اس معتبر دلالت کی اقسام کی تعریف کریں اور مثالیں بھی دیں۔

(حصہ دوم۔فلسفہ)

س:۱ فلسفہ کی تعریف مسلمانوں کی نظر میں، نیز فلسفہ کا موضوع اور اس کی غرض وغایت لکھیں۔؟

س:۲ فلسفہ کا امتیاز دوسرے علوم سے کیا ہے۔؟

س:۳ فلسفہ اشراق اور فلسفہ مشاء کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

# وفاق المدارس الشیعہ پاکستان

## امتحان سالانہ سال 2018ء الشهادة العالية فی العلوم العربية والاسلامية

(وقت: تین گھنٹے) (بی اے۔عربی اسلامیات)

**(پرچہ فقہ برائے طلباء کرام)**

نوٹ۔ کوئی سے پانچ سوال حل کیجئے۔

س:۱ درج ذیل عبارت پر اعراب لگا کر اس کا ترجمہ کریں۔

فاذاتعذر نزحها لم يطهر الّا بالتراوح، واذاتغير احداوصاف مائها بالنجاسة ،قيل ينزح حتّٰى يزول التغير، وقيل ينزح جميع مائها۔فان تعذر لغزارته تراوح عليها اربعة رجال ۔وهواولىٰ۔

س:۲ جلال (نجاست خور) جانور اور آکل الجیف (مردار خور) جانور کا کیا حکم ہے۔؟

س:۳ حرام روزے کون سے ہیں۔؟

س:۴ امام جماعت میں کتنی شرائط کا پایا جانا ضروری ہے۔؟

س:۵ سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھانا کھانے اور دیگر استعمال کیلئے کیا حکم ہے۔؟

س:۶ دفن میت کے فرائض اور سنتیں تحریر کریں۔؟

س:۷ درج ذیل عبارت پر اعراب لگا کر اس کا ترجمہ کریں۔

من تيقن الحدث وشک فی الطهارة،اوتيقنهما وشک فی المتاخر تطهر۔وكذالوتيقن ترك عضوٍ اتى به وبما بعدهٗ۔۔ وان جف البلل استانف۔وان شک فی شیءٍ من الطهارة وهو علىٰ حاله ،اتى بما شک فيه۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

# وفاق المدارس الشیعہ پاکستان

## امتحان سالانہ سال 2018ء الشھادۃالعالیۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ

(وقت: تین گھنٹے) (بی اے۔عربی اسلامیات)

(پرچہ **نحو** برائے **طلباء کرام**)

نوٹ۔ کوئی سے پانچ سوال حل کیجئے۔

س:۱ معرب اورمبنی کی تعریف کریں اورمثال بھی دیں۔

س:۲ درج ذیل عبارت کاترجمہ وتشریح کریں۔

(والاسم قدخصص بالجر) فی ھٰذِہ العبارۃ قلبٌ۔ای والجر قدخصص بالاسم ۔فلایکون اعراباً للفعل،لامتناع دخول عاملہٖ علیہ۔ وھٰذا تبیینٌ لایّ انواع الاعراب خاصٌ بالاسم.....

س:۳ درج ذیل اشعارکاترجمہ وتشریح کریں۔

وارفع بواوٍ و بیا اُجُرُرْ وانصب۔ ☆ سالم جمع عامر و مذنب
وشبہ ذین و بہٖ عشرونا۔ ☆ وبابہ الحق و الاھلونا

س:۴ ''عَلم'' کی تعریف کریں۔

س:۵ اسم اشارہ اوراسم موصول کی تعریف کریں اورمثال بھی تحریرکریں۔

س:۶ نکرہ اورمعرفہ کی تعریف کریں۔

س:۷ درج ذیل عبارت کاترجمہ وتشریح کریں۔

وَاعَلَمُ انَّ ''ال''یکون لاستغراق افرادالجنس، ان حلَّ محلھاکل علیٰ سبیل الحقیقۃ؛ ولاستغراق صفات الافرادان حلَّ علیٰ سبیل المجاز۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

# وفاق المدارس الشیعہ پاکستان

## امتحان سالانہ سال 2018ء الشہادۃ العالیۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ

(وقت: تین گھنٹے) (بی اے۔عربی اسلامیات)

(پرچہ **اصول الفقہ** برائے **طلباء وطالبات**)

نوٹ۔ کوئی سے پانچ سوال حل کیجئے۔

س:۱ حقیقت اور مجاز کی تعریف کریں نیز قرینہ صارفہ اور معینہ میں کیا فرق ہے۔مثال بھی دیں۔

س:۲ اشتراک اور ترادف کی تعریف کریں، اور مثال بھی دیں۔

س:۳ علامات حقیقت ومجاز کیا ہیں۔؟ ہر ایک کی وضاحت کریں اور مثال بھی دیں۔

س:۴ دلالت تصدیقیہ کیا ہے اور اس کے لئے کتنے امور لازم ہیں۔؟

س:۵ واجب تعبدی وتوصلی، واجب نفسی وغیری، اور واجب عینی وکفائی کی تعریف کریں، نیز ہر ایک کی مثال بھی دیں۔

س:۶ حقیقۃ شرعیہ اور حقیقۃ متشرعہ میں کیا فرق ہے اور ان کا ثمرہ نزاع کہاں ظاہر ہوتا ہے۔؟

س:۷ اصول عملیہ کونسی ہیں اور کہاں پر جاری ہوتی ہیں۔؟ ان میں سے ہر ایک کی مختصر تعریف کریں اور مثال بھی دیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

# وفاق المدارس الشیعہ پاکستان

## امتحان سالانہ سال 2018ء الشھادۃ العالیۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ

(وقت: تین گھنٹے) (بی اے۔عربی اسلامیات)

(پرچہ **عقائد/ عربی** برائے **طلباء کرام**)

نوٹ۔ حصہ اول میں سے تین سوال اور حصہ دوم میں سے دو سوال حل کیجئے۔

### (حصہ اول۔عقائد)

س:۱ صفات ثبوتیہ اور صفات سلبیہ کونسی ہیں۔سب کے نام لکھیں۔؟

س:۲ نفی رؤیت خداوند تعالیٰ پر نوٹ لکھیں۔

س:۳ اولی الامر کون ہیں۔؟ وضاحت کریں۔

س:۴ عقلی دلائل سے امامت ثابت کریں۔

### (حصہ دوم۔عربی)

س:۱ مرکب اضافی اور مرکب توصیفی کی تعریف کریں۔

س:۲ درج ذیل عربی جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں۔

۱۔الغصن الاخضر۔۲۔قلم ثمین۔۳۔السحاب الکثیف۔۴۔التفاح الحلو۔۵۔فرس بطیءٌ۔۶۔الورق الناعم۔۷البستان الجمیل۔۸۔القطار السریع۔۹تلمیذٌ مجتھدٌ۔۱۰۔الدین القیم۔

س:۳ درج ذیل اردو جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔

۱۔روشن سورج۔۲۔پھلدار درخت۔۳۔بلند پہاڑ۔۴۔ایک قیمتی گھڑی۔۵۔کوئی اونچی میز۔۶۔ایک خوبصورت پرندہ۔۷۔ایک نیک لڑکا۔ ۸۔ٹھنڈا پانی۔۹۔صاف ہوا۔۱۰۔ایک تیز رفتار گھوڑا

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

# وفاق المدارس الشیعہ پاکستان

## امتحان سالانہ سال 2018ء الشهادة العالية فی العلوم العربية والاسلامية

(وقت: تین گھنٹے) (بی اے۔عربی اسلامیات)

(پرچہ **حدیث** برائے **طلباء وطالبات**)

نوٹ۔ حصہ اول سے تین اور حصہ دوم سے دو سوال حل کیجئے۔

### (حصہ اول۔کافی)

س:۱ درج ذیل عبارت کا اردو میں ترجمہ تحریر کریں۔

...قال ،قال رسول اللّٰہ اذا بلغکم عن رجل حسن حال فانظروافی حسن عقله،فانما یُجازی بعقله۔

س:۲ درج ذیل عبارت کا اردو میں ترجمہ کریں۔

...قال ،قال رسول اللّٰہ ،ماقسم اللّٰہ للعباد شیئاًافضل من العقل،فنوم العاقل افضل من سهرالجاہل۔

س:۳ درج ذیل میں سے کونسے کلمات جنود عقل میں سے ہیں اور کونسے جنود جہل میں سے اور ہر ایک کے مقابل جنود کا نام بھی لکھیں۔

المواساة،القسوة،الصمت،الکفران،التواضع،الیاس،العدل،القنوع،الوفاء۔

س:۴ کوئی سے ایسے پانچ جنود عقل اور انہیں کے مقابل پانچ جنود جہل تحریر کریں جو پیپر میں شامل نہ ہوں۔

### (حصہ دوم۔نہج البلاغہ)

س:۱ درج ذیل کلام کا اردو میں ترجمہ کیجیے۔

إنَّ للّٰہ ملکاً ینادی فی کل یوم لدوا للموت ،واجمعواللفناء۔وابنواللخراب۔

س:۲ درج ذیل کلام کا اردو میں ترجمہ کیجیے۔

قالؑ:شتان ما بین عملین،عمل تذہب لذته وتبقی تبعته،وعمل تذہب مئونته ویبقی اجره۔

س:۳ مولا علیؑ نے اپنے صحابی کمیل ابن زیاد کو مخاطب کرتے ہوئے علم اور مال کے درمیان موازنہ فرمایا اور فرق بیان فرمایا۔ اس فرق کو تحریر کریں۔